SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ ۱۹۸۷

SINDH ORDINANCE NO.VI OF 1987

سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۷

THE SINDH URBAN IMMOVABLE PROPERTY TAX (AMENDMENT) ORDINANCE, 1987

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ 7-A کی ترمیم

Amendment of section 7_A of West Pakistan Act V of 1958

۳۔۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ 8-A کی ترمیم

Amendment of section 8_A of West Pakistan Act V of 1958

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ ۱۹۸۷

SINDH ORDINANCE NO. VI OF 1987

سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۷

THE SINDH URBAN IMMOVABLE PROPERTY TAX (AMENDMENT) ORDINANCE, 1987

[۱۰ اگست، ۱۹۸۷]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے۔

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔(۱)اس آرڈیننس کو سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (ترمیم)آرڈیننس، ۱۹۸۷ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ 7-A کی ترمیم

Amendment of section 7_A of West Pakistan Act V of 1958

۲۔ سندھ شہری غیر منقولہ ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا،اس کی دفعہ 7-A میں:

(a) شق (i) میں آخر میں آنے والے لفظ "اور" کو ختم کیا جائے گا۔

(b) شق (ii) میں آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی۔

"(iii) پہلی جنوری ۱۹۷۷ کو جائیداد کے سلسلے میں بنائی گئی قیمتوں کی فہرست، جو ساری یا عارضی طور پر صنعتی مقاصد کے لیئے استعمال ہو گی، مذکورہ تاریخ سے نافذ ہو گی اور تب تی اس کے تحت ٹیکس وصول کی جائے گی جب تک دفعہ ۷ کی گنجائشوں کے تحت نئی فہرستیں عمل میں نہ آئیں۔"

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ 8-A کی ترمیم

Amendment of

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 8-A کے لیئے، مندرجہ ذیل دفعہ شامل کی جائے گی:

(توثیق) 8-A۔ اگرچہ اس ایکٹ، فیصلے یا کسی کورٹ کی ڈکری والے آرڈر میں شامل ہے، تو جو کراچی ڈویزن کی ساری یا جزوی ریٹنگ ایریاز میں صنعتی مقاصد کے لیئے کام آنے والی جائیداد کے حوالے سے مول لگانے والے لسٹیں بنائی گئی ہیں اور وہ پہلی جنوری ۱۹۷۷ سے نافذ ہیں، ان کو صحیح سمجھا جائے گا کے وہ صحیح نمونے

سے بنائی گئی ہیں اور نافذ کی گئی ہیں اور صحیح نمونے سے ٹیکس لگائی گئی ہے، بازیاب کی گئی ہے یا جمع کی گئی ہے اور یہ سمجھا جائے گا کے وہ لسٹیں درست نمونے سے بنائی، نافذ کی گئیں ہیں اور صحیح نمونے سے نافذ ٹیکس بازیاب کی گئی ہے۔	section 8_A of West Pakistan Act V of 1958

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔